Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ شوال سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۱۱ جون سنہ ۱۹۲۳ء	نمبر ۲۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تاریخ رینک لفٹنٹ میر منشی صاحب	۱
۲	انتظام سلسلہ استعفا علاء الدین خان —	۲
۳	اضافہ انسپکٹر چنگی —	۳
۴	تقسیم کار نظارت —	〃
۵	[illegible] محمد خان اہلیہ —	〃
۶	عطائے اختیارات بہ سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر پولیس	۴
۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

قیام ریاست

۴ جون سنہ ۱۹۲۳ء

حسب استدعا میر منشی اجلاس ہمایون و سررشتہ دار صدر عطاء الرحمن صاحب کا رینک لفٹنٹ جو بزمانہ عہدہ اے۔ ڈی۔ سی حاصل تھا قائم رہیگا۔

منظوری استعفا و تقرر وغیرہ

۴ جون ۱۹۲۳ء

حسب استدعا جناب صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت ۔ مفصلہ ذیل امور کی منظوری فرمائی گئی۔

(۱) علاؤالدین خان سب انسپکٹر آبکاری کا استعفا منظور ہوا۔

(۲) صاحبزادہ سید عبدالغنی خان بہادر کا تقرر بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار اور دس روپیہ الاؤنس بعہدہ سب انسپکٹر آبکاری منظور کیا گیا۔

(۳) صاحبزادہ سید اخلاق حسین خان بہادر کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر اضافہ

۳۱ مئی ۱۹۲۳ء

حسب چٹھی رپورٹ میونسپل افسر صاحب ۔ بوجہ حسن انجام وہی کار متعلقہ ابوالحسن انسپکٹر چونگی کی تنخواہ میں منجملہ پانچ روپیہ جو بسلسلہ انتظام تبادلہ محمود الحسن و صاحبزادہ سید شجاع اللہ خان بہادر بچے ہیں ۔ چار روپیہ اضافہ کئے گئے ۔ اب مشار الیہ کو بیس روپیہ ماہوار تنخواہ ملا کریگی ۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۳ جون ۱۹۲۳ء

بمشاء حکم اجلاس ہمایون مصدرہ ۲ جون ۱۹۲۳ء چونکہ عہدہ ناظم نظامت کا تخفیف فرمایا گیا ہے ۔ اور یہ ارشاد ہے کہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر نظامت کا کام اجلاس اسٹنٹ و حاکم صاحب صدر میں تقسیم کردیں اور نظامت کے متعلق جو کام ہیں انکی تفصیل آیندہ ہدایت کیجاتی ہے ۔ تحصیلات مع عملہ[۱] ۔ جائداد سرکار[۲] ۔ علاقہ خام[۳] ترقی آبادی[۴] ۔ عذرداری علاقہ جدید ۔ اپیل صیغہ مال ۔ اپیل احکام مصدرہ صاحب مہتمم بندوبست نسبت اندراج سالانہ علاقہ قدیم و جدید[۵] تجویز و تشخیص معاملہ[۶] ۔ داخلخارج سوختنات[۷] ۔ داخلخارج پرتی[۸] ۔ داخلخارج معافیات مساجد[۹] داخلخارج معافی کل ریاست[۱۰] ۔ داخلخارج نمبرداری[۱۱] ۔ داخلخارج زمینداری علاقہ جدید[۱۲] ۔ داخلخارج کورٹ آف وارڈس[۱۳] انمین سے مدات نمبر ۱ لغایت نمبر ۹ متعلق حاکم صاحب صدر کیجاتی ہیں ۔ اور مدات نمبر ۱۰ لغایت نمبر ۱۵ متعلق اجلاس اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر کیجاتی ہیں ۔

حکم ہوا کہ بمشاء حکم اجلاس ہمایون بصراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر رخصت

۶ جون ۱۹۲۳ء

نثار محمد خان اہلمد اجلاس کی رخصت رعایتی بیس یوم بضرورت شرکت شادی ہمشیرزادی تاریخ استفادہ سے منظور کی گئی ۔ حاکم صاحب صدر زمانہ رخصت میں اکبر علیخان معاون اہلمد صدر کو بجائے رخصتی تعینات کردینگے ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۴ جون ۱۹۲۳ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم خان بہادر محمد باقر علی خان صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو خاص محکمہ اختیارات مجسٹریٹ سرسری مطابق روبکار اجلاس ہمایون محکوسہ ۱ اپریل ۱۹۱۱ء دیئے جاتے ہیں جو مقدمات ستارہ بزمانہ سابق ناظم صاحب معین الدین خان بہادر محمد باقر علی خان صاحب مجسٹریٹ سرسری اجلاس میں پیش ہونگے ۔ لہذا ۔ حکم ہوا کہ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۴ جون ۱۹۲۳ء

بذریعہ روبکار امروزہ خان بہادر محمد باقر علی خان صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو خاص محکمہ جو اختیارات مجسٹریٹ سرسری دئے گئے ہیں انکے متعلق بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم کا یہ منشا ہے کہ بالفعل چھ ماہ کیواسطے یہ اختیارات مجسٹریٹ سرسری خان بہادر محمد باقر علی خان صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو دئے جائیں ۔ لہذا یہ اختیارات مجسٹریٹ سرسری چھ ماہ کیواسطے حسب منشاء روبکار مذکور خان بہادر محمد باقر علی خان صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے متعلق ہونگے ۔

حکم ہوا کہ بسلسلہ روبکار امروزہ نقل روبکار ہذا کی جاری کیجائے ۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ لغایت ۲۴ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰ار					۷۰ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۸۰ار					۹ار	
نخود گشتہ آمیز	۹۰ار					۱۰ار	
کتر	۱۰ار					۱۰۰ار	
ماش	۸ار					۸ار	
مونگ	۷ار					۸ار	
مکا	۹ار					۹ار	
جئی	۰					۱۱ار	
گوجئی	۰					۹ار	
عدس	۱۰ار					۷ار	
ارہر	۰					۰	
برنج	۱۲ار					۵ار	
روغن زرد	۱۲ چھٹانک					۱۱ار	
روغن سیاہ	۱۰ار					۱۲ار	
روغن کنجد	۱ار					۱ار	
نمک سانبھر	۱۲ار					۱۱ار	
نمک لاہوری	۷ار					۷ار	
قند سیاہ	۵۰ار					۵ار	
باجرہ	۸۰ار					۹ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور